# ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں ٹریننگ کیلئے ہدایات

اسلام علیکم۔محترم______________ ولدیت ______________ ضلع/تحصیل______________

آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کو پنجاب ایمرجنسی سروس، ریسکیو 1122 میں بطور______(ٹریڈ) میں بھرتی کیا گیا ہے۔آپ ٹریننگ کیلئے مندرجہ ذیل مکمل کاغذات کے ہمراہ مورخہ______ بوقت صبح 8 بجے تا شام 6 بجے ایمرجنسی سروسز اکیڈمی ریسکیو 1122، ٹھوکر نیاز بیگ، نزد جناح بس ٹرمینل موٹروے بائی پاس، لاہور میں حاضر ہوں۔

1۔ **مطلوبہ کاغذات**۔کیڈٹس/ٹرینی مندرجہ ذیل کاغذات اپنے ہمراہ لائیں گے اور رجسٹریشن کے وقت جمع کروائیں گے۔

ا۔اصل شناختی کارڈ اور تصدیق شدہ کاپی ب۔والد/سرپرست کے شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی۔جوائننگ آرڈر ج۔تمام اسناد کی مصدقہ نقول

د۔12 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (1x1 فوٹوگراف) (نیلا بیک گراؤنڈ) ر۔صحت اور حادثات سے متعلقہ قانونی ذمہ داری سے سبکدوشی کا فارم (لف ہذا)

2۔ **استقبالیہ**۔تمام کیڈٹس/ٹرینی دیئے گئے وقت اور تاریخ کے مطابق ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں رپورٹ کریں گے۔استقبالیہ ڈیسک کیڈٹ بلاک میں ڈائننگ ہال کے پاس بنایا جائے گا۔

3۔ **برائے رابطہ و معلومات**۔ اکیڈمی کنٹرول روم۔ 042-35131870

4۔ **کیڈٹس/ٹرینی کی جانچ پڑتال:**

اکیڈمی میں ٹریننگ کی غرض سے آنے والے تمام کیڈٹس کو ٹریننگ کے پہلے ہفتے میں سکریننگ کے طریقہ کار سے گزرنا ہوگا۔اس مقصد کیلئے مندرجہ ذیل پہلوؤں کی جانچ پڑتال کی جائے گی۔

ا۔موٹاپا/زیادہ وزن ب۔پرانی پیچیدہ بیماری ج۔معذوری د۔ڈر یا خوف (پانی۔اونچی جگہوں۔بلندی۔دھوئیں وغیرہ سے)

5۔ **رہائش:** تمام کیڈٹس کو استقبالیہ ڈیسک پر رجسٹریشن کے وقت متعلقہ فزیکل ٹریننگ انچارج اور کمپنی کمانڈر رہائشی کمروں میں جگہ الاٹ کریں گے۔

6۔ **سٹیشنری/کورس میٹریل:** تمام کیڈٹس سٹیشنری سے متعلقہ تمام اشیاء مثلاً کاپی، پین، کاغذ، امتحانی گتہ اور فائل کور اپنے ہمراہ لائیں گے۔ٹریننگ سے متعلقہ تمام کتابیں بعوض ادائیگی اکیڈمی جنرل سٹور پر دستیاب ہیں۔

7۔ **واجبات:** تمام کیڈٹس کھانا، لانڈری، حجام، طبی معائنہ، اسناد کی تصدیق، سروس بک کی تیاری اور دیگر روزمرہ کے ذاتی اخراجات کیلئے مناسب مقدار میں رقم ہمراہ لائیں۔

8۔ **مندرجہ ذیل اشیاء کیڈٹس اپنے ہمراہ لائیں گے۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| لوہے کا ٹرنک/بریف کیس | سفید شلوار قمیص (جمعہ کیلئے) بمعہ سفید جالی دار ٹوپی | بستر موسم کے لحاظ سے، تکیہ، سفید چادر 2 عدد، کمبل وغیرہ | |
| ذاتی سامان (ٹوتھ برش، پیسٹ، ناخن کٹر وغیرہ) | پی ٹی شوز/جوگرز، سیاہ رنگ | تولیہ 2 عدد | شوز پالش اور برش |
| صابن بمعہ صابن دانی | جرابیں سیاہ 4 جوڑے | شیو کا سامان | تالے 2 عدد |

9۔ **مندرجہ ذیل اشیاء بعوض نقد ادائیگی اکیڈمی سٹور پر دستیاب ہوں گی۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ریسکیو کا ٹریک سوٹ (ٹی شرٹ، ٹراؤزر، وغیرہ) | سیفٹی گاگلز (Safety Goggles) | سیفٹی ہیلمٹ | ریسکیو یونیفارم |
| پیراشوٹ بیگ (Parachute) | حفاظتی رسی (Safety Rope) | سیفٹی شوز | نی پیڈ (Knee Pads) |
| ایلبو پیڈ (Elbow Pads) | لیدر کے دستانے | سیٹی (Whistle) | کالی ویسٹ کوٹ |
| لباس تراکی (Swimming Costume) | | | |

10۔ **رخصت:**

☆ رخصت کسی بھی کیڈٹ کا حق نہیں ہے۔کسی بھی ایمرجنسی ڈیوٹی یا حادثہ کی صورت میں چھٹی منسوخ کی جا سکتی ہے۔دوران تربیت کسی کیڈٹ کو کسی قسم کے امتحانات/انٹرویو کیلئے رخصت نہیں دی جائے گی۔کوئی بھی ٹرینی یا کیڈٹ آفیسر انچارج/ہیڈ آف ٹریننگ ونگز/رجسٹرار/ڈائریکٹر جنرل کی پیشگی اجازت کے بغیر اکیڈمی سے باہر نہیں جا سکتا۔

☆ رخصت بیماری/میڈیکل رخصت کی صورت میں اگر چھٹیوں کی کل تعداد 10 یا 10 سے زیادہ ہو، تو مطلوبہ کمی کو پورا کرنے کیلئے 1 ماہ کی اضافی تربیت پاسنگ آؤٹ کے بعد کرنی ہوگی۔

☆ اکیڈمی میں دوران تربیت کوئی ٹرینی اپنے/دوسرے ڈیپارٹمنٹ میں اعلیٰ عہدے/پوسٹ کیلئے اپلائی نہیں کرے گا اور نہ ہی اس ضمن میں کوئی چھٹی دی جائے گی۔

☆ فیملی ایمرجنسی کی صورت میں چھٹی کا فیصلہ کمپنی کمانڈر کی طرف سے مکمل تصدیق کے بعد ہوگا۔

11۔ **غیر حاضری:**

☆ ہر کیڈٹ ٹریننگ کے ہر پیریڈ میں اپنی حاضری کو یقینی بنائے گا۔کسی ایک پیریڈ سے غیر حاضری پورے دن کی غیر حاضری تصور ہوگی۔

☆غیر حاضری کی صورت میں سخت انضباطی کاروائی بشمول اضافی جسمانی تربیت اور نائٹ ڈیوٹی، جس کا دورانیہ کم از کم ایک ہفتہ ہوگا، دی جاسکتی ہے۔ اور اس کے بعد کیڈٹ کو پوری ٹریننگ کے دوران اکیڈمی سے باہر نہیں بھیجا جائے گا۔

☆6 دن سے زائد غیر حاضری کی صورت میں ٹرینی کو اکیڈمی سے خارج کر دیا جائے گا۔

**12۔ نظم وضبط/ڈسپلن:** اگر کوئی ٹرینی/ کیڈٹ نظم وضبط سروس یا اکیڈمی میں مروجہ قوانین وروایات کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا تو مندرجہ بالا سزا کا مستحق ہوگا جس کا نتیجہ اکیڈمی سے اخراج کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

**13۔ عمومی ہدایات:**

☆کسی بھی کیڈٹ کو کسی بھی صورت میں اکیڈمی سے باہر رہائش رکھنے کی اجازت نہ ہے۔ صرف ہفتے کے آخر میں جزوی رخصت اجازت کے ساتھ حاصل کی جاسکتی ہے۔ اکیڈمی میں ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ایڈمن بلاک اور دفاتر میں بلاضرورت اور استاد کے بغیر کیڈٹس کو جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ملاقاتی/مہمان کو اکیڈمی/ کمروں میں قیام کی اجازت نہیں ہوگی۔

☆ ممنوعہ مشروبات، منشیات اکیڈمی میں سختی سے ممنوع ہیں۔ سگریٹ/نسوار، پان وغیرہ اکیڈمی احاطہ میں سوائے کینٹین ایریا کے سختی سے ممنوع ہیں۔

☆ذاتی ہیٹر، چولہا، برقی آلات، ایئر کنڈیشنر وغیرہ رہائشی کمروں میں استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ تربیت کے اوقات کار میں کیڈٹس کیلئے موبائل فون کا استعمال سختی سے ممنوع ہے۔

☆چپل، سلیپرز صرف کمروں میں پہننے کی اجازت ہے۔ ڈائننگ ہال یا ٹریننگ ایریا میں چل کر جانا ممنوع ہے۔ نیکر/شارٹس پہن کر کمروں کے باہر گھومنا سختی سے ممنوع ہے۔

☆رات کے کھانے کے دوران شلوار قمیص، پشاوری چپل، بوٹ پہن کر ڈائننگ ہال میں جانے کی اجازت ہوگی۔ رہائشی کمروں کی لائٹس رات 0930 سے لیکر صبح 0430 تک بند رہیں گیں۔

☆کسی ٹرینی کو اکیڈمی میں مہنگی اشیاء مثلاً زیورات، کلائی گھڑی، موبائل وغیرہ رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ نقصان کی صورت میں خود ذمہ دار ہوگا۔

☆ذاتی گاڑی، موٹر سائیکل اکیڈمی میں لانے کی صورت میں سیکیورٹی گیٹ پر اپنی گاڑی کا اندراج اور کاغذات کی نقول جمع کروانی ہوں گی۔

☆امتحانات میں نقل، چوری، لڑائی جھگڑا، گالی گلوچ کی صورت میں سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور ٹریننگ سے خارج کر دیا جائے گا۔

**14۔ ٹریننگ / کورس کا دورانیہ:**

کل دورانیہ 24 ہفتے (6 ماہ) ٹریننگ اوقات فی ہفتہ 5.5 دن (پیر سے جمعہ، ہفتہ آدھا دن)

**15۔ روزانہ ٹریننگ کا ٹائم ٹیبل:**

| نمبر شمار | کام | دورانیہ | وقت | نمبر شمار | کام | وقت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | صبح پی ٹی، جسمانی تربیت | 45 منٹ | 0600-0645 | 7 | وقفہ برائے نماز/دوپہر کا کھانا | 1300-1430 |
| 2 | ناشتے کا وقفہ | 1 گھنٹہ | 0645-0745 | 8 | پریکٹیکل | 1430-1630 |
| 3 | ڈرل/پریڈ | 45 منٹ | 0800-0845 | 9 | جسمانی تربیت میں کمزور طلباء کیلئے تربیتی پیریڈ | 1640-1710 |
| 4 | لیکچر | 1 گھنٹہ اور 30 منٹ | 0900-1030 | 10 | رات کا کھانا | 1930-2030 |
| 5 | چائے کا وقفہ | 30 منٹ | 1030-1100 | 11 | جمعۃ المبارک کیلئے وقفہ | 1230-1500 |
| 6 | پریکٹیکل | 2 گھنٹے | 1100-1300 | 12 | | |

# ایمرجنسی سروسز اکیڈمی، ریسکیو 1122، لاہور

## صحت اور حفاظت سے متعلقہ حادثات کی قانونی ذمہ داری سے سُبک دوشی کا فارم

| | |
|---|---|
| بیسک کورس نمبر: ضلع: کورس میں شمولیت کی تاریخ: | تصویر چسپاں کریں |
| نام: ولدیت: | |
| تاریخ پیدائش: جنس: ☐ مرد ☐ عورت | |
| عہدہ: خون کا گروپ: شناختی کارڈ نمبر: | |

| | |
|---|---|
| گھر کا پتہ: ________________ | ایمرجنسی کی صورت میں: |
| ________________ | نام: ________ رشتہ: ________ رابطہ نمبر: ________ |
| رابطہ نمبر: ________ ای میل: ________ | نام: ________ رشتہ: ________ رابطہ نمبر: ________ |

کیا آپ کو کسی قسم کی دوا سے الرجی ہے یا ڈاکٹر نے آپ کو کوئی چیز استعمال کرنے سے منع کیا ہوا ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر کوئی ہے، تو بیان کریں: ________________

کیا آپ کا کسی قسم کا علاج چل رہا ہے یا کوئی دوا استعمال کر رہے ہیں یا کوئی جسمانی معذوری ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر کوئی ہے، تو بیان کریں: ________________

کیا گزشتہ 1 سال میں آپکا کوئی آپریشن ہوا ہے یا کسی سنگین بیماری کا شکار رہے ہیں۔ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر کوئی ہے، تو بیان کریں: ________________

کیا آپ سگریٹ، پان، نسوار یا کوئی اور نشہ آور چیز استعمال کرتے ہیں؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر کوئی ہے، تو بیان کریں: ________________

کیا آپ کو کسی قسم کی خوراک / غذا سے پرہیز ہے؟ ☐ ہاں ☐ نہیں

اگر کوئی ہے، تو بیان کریں: ________________

### قانونی ذمہ داری سے سبک دوشی:

☆ میں بقائمی ہوش وحواس حلفاً اقرار کرتا / کرتی ہوں کہ میں ادارہ ہذا کی طرف سے بتائے گئے اس تربیتی پروگرام کے ہر ایک مجوزہ حفاظتی معیار کی تعمیل کروں گا / گی اور سختی سے اس پر کاربند رہوں گا / گی۔ مزید براں میں حلفاً اقرار کرتا / کرتی ہوں کہ میں دوران تربیت اپنی صلاحیت کے مطابق اپنی اور اپنی ساتھیوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کروں گا / گی۔

☆ یہ کہ میں تسلیم کرتا / کرتی ہوں کہ ایمرجنسی سروسز اکیڈمی کی انتظامیہ، تربیتی ومعاون عملہ نے دوران تربیت ممکنہ حادثہ، بیماری یا جسمانی نقصان سے بچاؤ کے ہر ممکن حفاظتی اقدامات اختیار کر رکھے ہیں۔

☆ یہ کہ میں تسلیم کرتا / کرتی ہوں کہ میں ادارہ ہذا کی طرف سے بتائے گئے ان تمام خطرات سے مکمل طور پر آگاہ ہوں جو کہ دوران تربیت ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں میرے ساتھ پیش آسکتے ہیں اور ممکنہ طور پر کسی چھوٹے یا بڑے حادثہ کا سبب بن کر مجھے یا میرے ساتھی کو جسمانی طور پر زخمی / معذور یا کسی بیماری کا شکار کر سکتے ہیں، یا کسی جان لیوا حادثے کا سبب بن سکتے ہیں۔

☆ اور یہ کہ میں دورانِ تربیت یا تربیت کے بعد کسی اتفاقی حادثہ کے نتیجے میں لگنے والی چوٹ / بیماری / زخم / معذوری یا جان لیوا حادثے کی صورت میں، پنجاب ایمرجنسی سروس / ایمرجنسی سروسز اکیڈمی کی انتظامیہ / تربیتی عملہ یا معاونین کو قانونی طور پر اس سے بری الذمہ سمجھتا / سمجھتی ہوں اور اس ضمن میں کسی بھی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حق نہیں رکھتا / رکھتی۔

نوٹ: میں حلفاً اقرار کرتا / کرتی ہوں کہ اس فارم میں مہیا کی گئی تمام معلومات میرے علم کے مطابق مکمل اور درست ہیں اور کسی بھی قسم کی غلط بیانی کی صورت میں اُس ممکنہ نتائج کا میں خود ذمہ دار ہوں گا / گی۔

دستخط (ٹرینی ریسکیور): نشان انگوٹھا: تاریخ:

دستخط (سرپرست): نشان انگوٹھا: تاریخ: